مورخہ 24,23 مارچ 2011ء کو جامعہ علوم اُثریہ میں دسویں سالانہ فری آئی کیمپ کی مختصر رپورٹ

جہلم (نامہ نگار) دینی تعلیم وتربیت کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات کا مستقل تسلسل قائم کر کے جامعہ علوم اُثریہ جہلم نے غریب عوام کے دل موہ لئے، ان خیالات وتاثرات کا اظہار جہلم میں نویں سالانہ انٹرنیشنل فری آئی کیمپ کے موقع پر مریضوں، ان کے لواحقین اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے اپنے ذاتی مشاہدہ کے موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر سے کیا ہے۔ یاد رہے کہ دینی علوم کی بین الاقوامی یونیورسٹی (جامعہ علوم اُثریہ) جو گزشتہ انتیس (31) سال سے قرآن وحدیث کی اعلیٰ تعلیم کا شاندار ریکارڈ رکھتی ہے۔ یہ ادارہ دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ عوام کی سماجی خدمت میں بھی پیش پیش ہے۔ یتیم بچوں کیلئے وظائف، رمضان المبارک کے موقع پر راشن کی تقسیم، اُثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال وأثریہ فری ڈسپنسری، مساجد کی تعمیر اور آبنوشی کی سکیموں کے ساتھ ساتھ گزشتہ دس (10) سال سے مسلسل انٹرنیشنل فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی ہزاروں مریضوں کی آنکھوں کا مفت معائنہ، فری عینکیں اور ادویات مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ مریضوں کو رہائش اور کھانا بھی فری دیا گیا، آپریشن سے قبل مریضوں کے یورن اور شوگر ٹیسٹ بھی فری کئے گئے۔ مریضوں کے علاج معالجہ کیلئے سعودی عرب کی این جی او ''البصر انٹرنیشنل فاؤنڈیشن'' کے تعاون سے ابراہیم آئی ہسپتال کراچی کے بین الاقوامی شہرت کے حامل ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کی سولہ (16) رکنی ٹیم جناب ڈاکٹر وسیم اللہ میمن اور رضوان بلوچ کی قیادت میں کیا۔ جبکہ ان کی معاونت میں جامعہ علوم اُثریہ کے اساتذہ وطلبہ، اہل حدیث یوتھ فورس اور اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن کے جوانوں کے علاوہ انجمن اہل حدیث (رجسٹرڈ) ومرکزی جمعیت اہل حدیث کے احباب پیش پیش رہے۔ زنانہ کیمپ میں جامعہ اُثریہ للبنات کی معلمات وطالبات کے علاوہ جہلم کی دیگر خواتین نے بھرپور حصہ لیا۔ اس مرتبہ کیمپ میں پانچ ہزار سے زائد مریضوں کا فری چیک اپ کیا گیا جبکہ تین سو اکیاسی (381) مریضوں کی آنکھوں کا آپریشن کیا گیا اور تمام مریضوں کو لینز بھی فری ڈالا گیا۔ یاد رہے کہ یہ کیمپ علاقے کا سب سے بڑا فری آئی کیمپ ہے۔ جہاں جامعہ علوم اُثریہ کی عظیم الشان سہ منزلہ بلڈنگ کی ایک چھت تلے یہ سارے کام سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے بتایا کہ الحمد للہ کہ آج تک اس کیمپ میں ہونے والے آپریشن کے تمام مریضوں کو اللہ رب العزت نے صحت وعافیت سے نوازا اور کسی مریض سے کوئی شکایت موصول نہ ہوئی، اس پر ہم اللہ کا جتنا بھی شکریہ ادا کریں وہ کم ہے۔ اس موقع پر ضلع جہلم کی سیاسی، سماجی، مذہبی، صحافتی حلقوں کے خصوصی تعاون کے ساتھ ساتھ ضلعی پولیس کے افسران اور اہل کار، سکیورٹی کے اعلیٰ انتظامات کرنے پر بھی خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ کیمپ کا دورہ کرنے والی بے شمار اہم شخصیات میں ڈی سی او جہلم محمود الحسن مرزا، ای ڈی او ہیلتھ ضلع جہلم ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ، مہر فیاض ایم پی اے، چوہدری ندیم خادم ایم پی اے، راجہ ناصر محمود اور حفیظ اللہ بٹ وغیرہ شامل ہیں۔ اس کیمپ کے نگران اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل تھے ان کی معاونت مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے کی۔ ان کے دیگر معاونین میں راجہ انار گل ایڈووکیٹ، شیخ محمد اسحاق، ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ، محمد افضل لون، ارشد محمود زرگر، ڈاکٹر ظفر محمود، محمد صدیق یوسفی، سیٹھی محمد ارشد اور عمران صادق کر رہے تھے۔ دیگر انتظامی کمیٹیوں کے نگرانوں میں ماسٹر اقبال اختر قریشی، سید ثناء اللہ شاہ، عامر سلیم علوی، ڈاکٹر عاطف جواد، سیف ادریس، چوہدری عبدالاحد اور سیٹھی محمد اصغر شامل ہیں۔